Shabbir / Fazil

07-12-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم مودی نے کہا ہے کہ بھارت چیلنجوں اور غیر یقینی کے حالات سے گھِری ہوئی دنیا میں اپنی ترقی اور کارکردگی کی بدولت اپنا پرچم سربلند کئے ہوئے ہے۔

2- شمالی گوا کے Arpora علاقے میں، ایک نائٹ کلب میں، سلنڈر پھٹنے سے لگنے والی آگ میں 25 افراد ہلاک ہو گئے۔ صدر جمہوریہ اور وزیر اعظم نے ہلاکتوں پر دُکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

3- DGCA نے، انڈیگو کے CEO، Pieter Elbers کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا ہے اور بڑے پیمانے پر پروازوں میں رکاوٹ کیلئے وضاحت طلب کی ہے۔ حکومت نے انڈیگو کو مسافروں کو کرائے کی رقم بلا تاخیر واپس کرنے کی ہدایت دی ہے۔

4- ریلوے کا محکمہ انڈیگو پروازوں کے بحران کے سبب مسافروں کی سہولت کیلئے 89 خصوصی ٹرینیں چلا رہا ہے۔

5- بھارت اور امریکہ نے دہشت گرد گروپوں اور اُن کی مالی اعانت کرنے والوں کے خلاف اقوام متحدہ کی جانب سے مزید پابندیاں عائد کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

6- اور کھیلوں میں، FIFA نے امریکہ، کناڈا اور میکسیکو میں منعقد ہونے والے 2026 عالمی کپ کیلئے تاریخوں کا اعلان کر دیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev. PM HT Summit

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت دنیا کیلئے ترقی میں اضافے اور افراطِ زر کی شرح میں گراوٹ

کے ماڈل کے طور پر کھڑا ہے۔ نئی دلّی میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے اس بات کو اجاگر کیا کہ موجودہ مالی سال کی دوسری سہ ماہی کے دوران آٹھ فیصد کی GDP شرح ترقی سے ملک کی بڑھتی ہوئی پیشرفت کی عکاسی ہوتی ہے۔

عالمی منظرنامے پر بھارت کے رول کا تذکرہ کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ چیلنجوں اور غیر یقینی کے حالات سے گھری ہوئی دنیا میں بھارت اپنی ترقی اور کارکردگی کی بدولت اپنا پرچم سربلند کئے ہوئے ہے۔

S/B - PM Bridge Builder

جناب مودی نے مزید کہا کہ مستقبل کی تبدیلی کا انحصار آج رکھی جانے والی مضبوط بنیادوں پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی صلاحیت کو طویل عرصے تک بروئے کار نہیں لایا گیا لیکن روایتی طور پر کم ترقی یافتہ شعبے اب اپنی مکمل صلاحیت کے مطابق کام کر رہے ہیں۔ ان میں شمال مشرقی خطہ، گاؤں، Tier-2 اور Tier-3 شہر، خواتین اور نوجوان، بحری معیشت اور خلا کے شعبے شامل ہیں۔x

[Fire Goa Night Club]

گوا میں، شمالی گوا کے Arpora علاقے میں، کل رات ایک نائٹ کلب میں، سلنڈر پھٹنے سے لگنے والی آگ میں 25 افراد ہلاک ہو گئے۔ وزیر اعلیٰ پرمود ساونت فوری طور پر موقعے پر پہنچے۔ انہوں نے کہا کہ ہلاک ہونے والے افراد میں زیادہ تر کلب کے کچن کے ملازمین اور 3 سے 4 سیاح شامل ہیں۔

S/B - CM Pramod Sawant

گوا کے DGP آلوک کمار نے بتایا کہ پولیس کی ٹیمیں، آگ بجھانے والے عملے کے افراد اور ایمبولینس گاڑیاں فوراً موقعے پر پہنچیں۔ آگ پر اب قابو پا لیا گیا ہے اور تمام لاشیں برآمد کر لی گئی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس اس حادثے کی وجوہات کی تحقیقات کرے گی اور نتائج کی بنیاد پر کارروائی کی جائے گی۔

S/B - DGP

[Prez PM Goa]

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے شمالی گوا میں پیش آئے حادثے میں زندگیوں کے ضائع ہونے پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر مرمو نے اظہارِ تعزیت کیا اور امید کی کہ غمزدہ خاندانوں کو اس مشکل گھڑی میں غم کو برداشت کرنے کی طاقت ملے گی۔

صدر جمہوریہ نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کی بھی دعا کی۔

وزیراعظم نریندرمودی نے اس حادثے کو انتہائی غمزدہ کرنے والا بتایا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ ان کی ہمدردیاں ان لوگوں کے ساتھ ہیں جنھوں نے اپنے عزیزوں کو کھویا ہے۔

جناب مودی نے زخمیوں کی جلد از جلد صحت یابی کی بھی تمنا کی۔ جناب مودی نے گوا کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر پرمود ساونت سے صورتحال کے بارے میں بھی جانکاری لی اور کہا کہ ریاستی حکومت متاثرہ لوگوں کو ہر ممکن مدد فراہم کر رہی ہے۔

وزیر اعظم نے اعلان کیا کہ مرنے والوں کے لواحقین کو وزیراعظم کے قومی راحتی فنڈ سے دو۔دو لاکھ روپے کی مدد دی جائے گی۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ زخمیوں کو 50-50 ہزار روپے دیے جائیں گے۔x

Indigo MoCA

شہری ہوابازی کے ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA نے Indigo کے CEO پیٹر Elbers کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا ہے، جس میں اس نے بڑے پیمانے پر پروازوں میں رکاوٹ اور مسافروں کو ہونے والی پریشانی کی وجہ طلب کی ہے۔ ریگولیٹری ادارے نے پروازوں کی آمدورفت سے متعلق اِس رخنہ اندازی کو ایئر لائن کی ناکامی قرار دیا اور منظور شدہ فلائٹ ڈیوٹی ٹائم لمٹ FDTL ضابطے کے تحت نظرِ ثانی شدہ انتظامات کرنے کے لئے کہا ہے۔ ادارے نے اپنے نوٹس میں کہا ہے کہ بڑے پیمانے پر ہوئی اِن آپریشنل ناکامیوں نے منصوبہ بندی، نگرانی اور وسائل کے انتظام میں نمایاں کمی کی نشاندہی کی ہے۔

اِس کے علاوہ حکومت نے Indigo کو ہدایت دی ہے کہ وہ بغیر کسی تاخیر کے مسافروں کی تمام زیرِ التوا رقم کی ادائیگی کرے۔

شہری ہوابازی کی وزارت نے حکم دیا ہے کہ تمام منسوخ یا منقطع پروازوں کے لیے رقم کی واپسی آج رات آٹھ بجے تک مکمل کرلی جائے۔ یہ ہدایت Indigo کی طرف سے بڑی تعداد میں پروازوں کی منسوخی کے بعد جاری کی گئی ہے، جس کی وجہ سے ملک بھر میں مسافروں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مسافروں کے لئے بغیر کسی رکاوٹ کے شکایات کے ازالے کو یقینی بنانے کیلئے حکومت نے Indigo سے ہر ممکن مدد اور رقم کی واپسی کیلئے سہولت مراکز قائم کرنے کیلئے کہا ہے۔x

Civil Aviation Indigo

حکومت نے Indigo کو بغیر کسی تاخیر کے مسافروں کے کرایے کی رقم واپس کرنے کی ہدایت دی ہے۔ شہری ہوا بازی کی وزارت نے کہا ہے کہ کل رات 8 بجے تک سبھی منسوخ شدہ یا اُن پروازوں کے کرایے کی رقم لازمی طور

پر واپس کردی جانی چاہیے، جن میں رکاوٹ پیدا ہوئی۔ Indigo کی جانب سے بڑی تعداد میں پروازیں منسوخ کیے جانے کے پیش نظر یہ حکم جاری کیا گیا ہے، جس سے ملک بھر میں مسافروں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔

پیش ہے ایک رپورٹ............

VC Bhanu

مسافروں کی شکایات کے بلا رکاوٹ ازالے کو یقینی بنانے کیلئے حکومت نے Indigo سے refund اور مدد کیلئے cells قائم کرنے کیلئے کہا ہے۔ یہ یونٹس، متاثرہ مسافروں تک رسائی اور refund کے عمل اور سفر کے متبادل بندوبست کو یقینی بنائیں گے۔ جب تک پروازوں کی مکمل طور پر بحالی نہ ہوجائے، اُس وقت تک خود کار refund نظام کو جاری رکھنے کی ہدایت بھی دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ Indigo کو یہ بھی ہدایت دی گئی ہے کہ وہ پروازوں کی منسوخی یا تاخیر کے سبب مسافروں سے الگ ہوئے اُن کے سامان کو اگلے 24 گھنٹے کے اندر انھیں واپس پہنچا دے۔

اس کے علاوہ ایئر لائن سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ معاوضہ کی ادائیگی اور مسافروں کے سامان کو ان تک پہنچانے سے متعلق عمل، شفافیت پر مبنی اور مسافروں کے موجودہ حقوق کے ضابطوں کے مطابق ہونا چاہیے۔

آکاشوانی سے بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Railways Special Trains

ریلویز کا محکمہ گذشتہ کل سے اگلے تین روز کے دوران مختلف زون میں 89 خصوصی ٹرینیں چلا رہا ہے۔ یہ خصوصی ٹرینیں سردی کے موسم میں وسیع پیمانے پر پروازوں کی منسوخی اور مسافروں کی کثیر تعداد کے پیش نظر چلائی گئی ہیں۔ اس اقدام کا مقصد آسان سفر کو یقینی بنانا اور ریلوے سفر کی بڑھتی ہوئی مانگ کے درمیان مناسب کنیکٹی وِٹی فراہم کرنا ہے۔ وسطی ریلوے میں مختلف روٹس پر 14 خصوصی ٹرینوں کا اعلان کیا گیا ہے، جن میں پونے سے بنگلورو، پونے سے دلّی اور ممبئی سے دلّی شامل ہیں۔ مغربی ریلوے میں 7 خصوصی ٹرینوں کا اعلان کیا گیا ہے، جن کے روٹس میں بھیوانی سے ممبئی اور ممبئی سے شکوربستی شامل ہیں۔ اسی طرح جنوبی وسطی ریلوے نے بھی تین خصوصی ٹرینیں چلائی ہیں، جن میں Cherlapalli سے شالیمار، سکندرآباد سے چینئی اِگمور اور حیدرآباد سے ممبئی شامل ہیں۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

India US LET JeM'

بھارت اور امریکہ نے سرحد پار کی دہشت گردی سمیت ہر قسم کی دہشت گردی کی سخت مذمت کی ہے۔ دونوں ممالک نے اقوام متحدہ، Quad اور اِس ماہ کی تین تاریخ کو Financial ایکشن ٹاسک فورس کے دو اہم اجلاسوں سمیت عالمی سطح پر دہشت گردی کے خلاف مل کر کام کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ یہ 21 ویں بھارت۔ امریکہ جوائنٹ ورکنگ گروپ برائے انسدادِ دہشت گردی اور ساتویں وفود سطح کے مذاکرات تھے۔ دونوں ممالک نے حال ہی میں بھارت میں ہوئے دہشت گردانہ حملوں کی سخت مذمت کی ہے اور اِس بات پر زور دیا ہے کہ اس کے قصورواروں کا جوابدہ ہونا ضروری ہے۔ دونوں فریقوں نے ISIS، القاعدہ، لشکر طیبہ اور جیش محمد سے منسلک گروپوں کے خلاف اقوام متحدہ کی مزید پابندیوں کا مطالبہ کیا ہے۔

انھوں نے دہشت گردوں کی حمایت کرنے والوں، انھیں مالی مدد فراہم کرنے والوں اور اُن کی پشت پناہی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے پر زور دیا ہے۔x

Gujrat Amit Shah

امور داخلہ اور امدادِ باہمی کے وزیر امت شاہ آج احمد آباد میونسپل کارپوریشن کے ایک ہزار 500 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ یہ پروجیکٹس مکانات، بنیادی ڈھانچے اور عوامی سہولیات سے متعلق ہیں۔ وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل بھی دن بھر جاری رہنے والے پروگراموں میں موجود ہوں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Aparna Khunt

امور داخلہ اور امدادِ باہمی کے وزیر امت شاہ کُل 58 ترقیاتی پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کریں گے، جن میں جھیلوں اور باغات سمیت 881 ای ڈبلیو ایس مکانات، اہم شہری بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹس شامل ہیں۔ وزیر موصوف گوٹا میں مِنی اسپورٹس کامپلیکس کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے۔

جناب امت شاہ احمد آباد میونسپل کارپوریشن کے تقریباً 109 نئے تقرر کردہ اسسٹنٹ فائر مین کو تقرری نامے بھی سونپیں گے۔

اس کے علاوہ وہ ''چُنوتیاں مجھے پسند ہیں'' نامی کتاب کے گجراتی ایڈیشن کے رسمِ اجرا کی تقریب میں بھی شرکت کریں گے، جو اترپردیش کی گورنر آنندی بین پٹیل کی زندگی پر مبنی ہے۔

احمد آباد سے اپرنا کھُنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Rajnath Singh Leh

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ آج لداخ کے ضلع لیہہ کے Shyok میں بنیادی ڈھانچے اور رابطے کے متعدد پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔ اس میں اسٹریٹجک اہمیت کی حامل Shyok سرنگ کا افتتاح بھی شامل ہے۔ سڑکوں، پُل اور سرنگوں پر مشتمل یہ پروجیکٹس نہ صرف سرحدی علاقوں، بلکہ جموں وکشمیر، لداخ اور دیگر ریاستوں کے دور دراز کے گاؤں میں بھی رابطے کو بہتر بنائیں گے۔

وزیرِ دفاع آج صبح ساڑھے 10 بجے مرکز کے زیر انتظام علاقے لداخ کے لیہہ ضلع میں Shyok کے مقام سے Shyok ٹنل پروجیکٹ کا براہِ راست افتتاح کریں گے۔ اسی دوران وہ Shyok سے ورچوئل وسیلے سے سرحدی سڑک تنظیم BRO کی جانب سے تعمیر کیے گئے متعدد پروجیکٹوں کا افتتاح بھی کریں گے۔x

Jaishanker UNESCO

غیر مادی ثقافتی وراثت کے تحفظ سے متعلق یونیسکو کی آئندہ ہونے والی اہم میٹنگ کی افتتاحی تقریب آج قومی راجدھانی کے لال قلعہ میں منعقد ہوگی۔ مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے کل کہا کہ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔ وہ غیر مادی ثقافتی وراثت (ICH) کے تحفظ سے متعلق بین سرکاری کمیٹی کے 20 ویں اجلاس کل سے قبل نگاروں سے بات چیت کر رہے تھے۔ لال قلعہ میں یہ اجلاس کل سے اس ماہ کی 13 تاریخ تک منعقد ہوگا۔ یہ پہلی بار ہے جب بھارت یونیسکو کے پینل کے اجلاس کی میزبانی کرے گا۔x

India Vote UNRWA

بھارت نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی اُس قرارداد کے حق میں ووٹ کیا ہے جس میں UN ریلیف اینڈ ورکس ایجنسی فار پیلسٹین ریفیوجیز UNRWA نے فلسطینی پناہ گزینوں کی مدد کے لئے مینڈیٹ کو اگلے تین سال کیلئے تجدید کیا گیا ہے۔ فلسطینی پناہ گزینوں کی امداد کے ایجنڈے کے تحت پیش کی جانے والی قرارداد کے حق میں 151 ممالک نے ووٹ کیا جبکہ 10 ممالک نے اس کی مخالفت میں ووٹ کیا اور 14 ممالک ووٹنگ سے غیر حاضر رہے۔

UNRWA کے کمشنر جنرل PHilippe Laazrini نے مضبوط حمایت کا خیر مقدم کیا اور اسے فلسطینی پناہ گزینوں کے ساتھ عالمی یکجہتی کا اظہار اور انسانی اور ترقیاتی ضروریات کے حوالے سے بین الاقوامی برادری کی ذمہ داری کی یاد دہانی قرار دیا۔ UNRWA فلسطینی پناہ گزینوں کو تعلیم، صحت کی دیکھ بھال، سماجی تحفظ، کیمپ میں بہتر سہولیات، مائیکرو فنانس اور ہنگامی صورتحال میں مدد فراہم کرتا ہے۔x

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے پنجاب، ہریانہ، مغربی مدھیہ پردیش، مشرقی مدھیہ پردیش، وِدربھ، چھتیس گڑھ اور اُڈیشہ میں آج سرد لہر کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ ہماچل پردیش اور شمال مشرقی ریاستوں میں آج گہرا کہرا چھایا رہنے کا امکان ہے۔ IMD نے انڈمان و نکّوبار جزائر، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائکل کے علاقوں میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔

اس دوران دلّی NCR میں ہوا کی کوالٹی بیحد خراب زمرے میں درج کی گئی۔ آلودگی کنٹرول کے مرکزی بورڈ کے مطابق دلّی NCR میں آج صبح 7 بجے ہوا کی کوالٹی کا اشاریہ AQI ، 305 ریکارڈ کیا گیا۔x

Fifa 2026 Schedule

انٹرنیشنل فیڈریشن آف ایسوسی ایشن فٹبالFIFA نے امریکہ، کنیڈا اور میکسیکو میں ہونے والے توسیع شدہ 48 ٹیموں پر مشتمل ٹورنامنٹ کیلئے گروپوں کو حتمی شکل دینے کے ایک دن بعد 2026 عالمی کپ کیلئے میچوں کا مکمل پروگرام جاری کر دیا ہے۔ 104 گیم پر مشتمل ٹورنامنٹ کا آغاز میکسیکو سٹی میں 11 جون کو میکسیکو اور جنوبی افریقہ کے درمیان مقابلے سے ہوگا۔ دفاعی چیمپین ارجنٹینا کامقابلہ 16 جون کو الجیریا سے ہوگا۔

واشنگٹن کے کینڈی سنٹرمیں رہنما ڈرا کے لئے منعقد کی گئی خصوصی تقریب میں جمع ہوئے۔ اس تقریب میں فیفا کی طرف سے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو نئے قائم کردہ امن انعام سے نوازا گیا۔

فائنل میچ 19 جولائی کو نیوجرسی کے Met Life میں کھیلا جائے گا۔x

Cricket ODI IND VS SA

مردوں کے کرکٹ میں وشاکھا پٹنم میں تین میچوں کی ODI سیریز کے تیسرے اور آخری کرکٹ میچ میں بھارت نے کل رات جنوبی افریقہ کو 9 وکٹ سے کراری شکست دے کر سیریز دو-ایک سے جیت لی ہے۔

بھارت کیلئے یشسوی جیسوال نے شاندار 116 رن اور وراٹ کوہلی نے 65 رن بنائے اور دونوں ناٹ آؤٹ رہے۔ روہت شرما نے 75 رن اسکور کیے۔

بھارت نے 271 رن کا جیت کا نشانہ، 39 اوورز اور پانچ گیندوں میں ہی حاصل کرلیا۔

اِس سے پہلے مہمان ٹیم، پہلے بلے بازی کرتے ہوئے 47 اوورز اور پانچ گیندوں میں 270 رن بناکر آل آؤٹ ہوگئی تھی۔

بھارت کیلئے کلدیپ یادو اور پرسدھ کرشنا نے چار-چار وکٹ حاصل کیے۔ x

Badminton

بیڈمنٹن میں گوہاٹی ماسٹرس 2025 میں، بھارت کا سونے کا تمغہ جیتنا یقینی ہو گیا ہے، کیونکہ Saskar Saraswat اور Mithun Manjunath مردوں کے سنگلز کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ سنسکار نے انڈونیشیا کے کھلاڑی Dendi Triansyah کو 21-19، 21-19 سے شکست دی، جبکہ متھن نے اپنے ہم وطن کھلاڑی Tushar Suveer کو 22-20، 21-8 سے ہرایا۔ آج فائنل میں مذکورہ دونوں ہی کھلاڑی ایک دوسرے سے مقابلہ کریں گے۔ ×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد
شکریہ -آسیہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ اخبار پرتاپ نے ہندوستان ٹائمز لیڈر شپ سمٹ سے وزیراعظم نریندر مودی کے خطاب کو شہ سرخی بناتے ہوئے لکھا ہے ''بھارت خود اعتمادی کی راہ پر گامزن ہے۔ ہندوستان ایکسپریس کی سرخی ہے پھر آٹھ سو سے زیادہ پروازیں منسوخ، حکومت ہوئی سخت، زیادہ سے زیادہ کرائے کی حد مقرر۔ اخبارات نے وزیراعظم مودی کے ''پریکشا پہ چرچا'' پروگرام کے جنوری میں منعقد ہونے کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ ویسٹرن ریلوے کے ذریعے مسافروں کیلئے خصوصی ٹرینیں چلائے جانے کی خبر بھی بیشتر اخباروں میں ہے۔ اخبار انقلاب نے جنوبی افریقہ کے خلاف تیسرے ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچ میں بھارت کی جیت کو اہم خبر بنایا ہے۔ اخبار لکھتا ہے شاندار جیت کے ساتھ بھارت کا سیریز پر قبضہ۔

اخبار پرتاپ نے بھارت اور امریکہ کے درمیان تجارتی معاہدے کے تعلق سے بات چیت کے امکان کو اہم خبر بنایا ہے۔ اخبار کی سرخی ہے : 10 دسمبر کو ٹیرف پر بات چیت کا امکان۔

اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- غزہ جنگ بندی کے اگلے مرحلے کے مذاکرات انتہائی نازک: قطر کا بیان۔
- ٹرمپ کو فیفا کے پہلے امن ایوارڈ سے نوازا گیا۔

- یوروپی یونین نے ایکس پر 140 ملین ڈالر کا جرمانہ عائد کیا۔
- کنیڈا نے شام کو ''دہشت گردی کے حامی ممالک'' کی فہرست سے نکال دیا۔
- امریکہ نے اٹلی کو 100 جے ایس ایس ایم میزائلوں کی فروخت کی منظوری دی۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم مودی نے کہا ہے کہ بھارت چیلنجوں اور غیر یقینی کے حالات سے گِھری ہوئی دنیا میں اپنی ترقی اور کارکردگی کی بدولت اپنا پرچم سربلند کئے ہوئے ہے۔

2- شمالی گوا کے Arpora علاقے میں، ایک نائٹ کلب میں، سلنڈر پھٹنے سے لگنے والی آگ میں 25 افراد ہلاک ہو گئے۔ صدر جمہوریہ اور وزیر اعظم نے ہلاکتوں پر دُکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

3- DGCA نے، انڈیگو کے CEO، Pieter Elbers کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا ہے اور بڑے پیمانے پر پروازوں میں رکاوٹ کیلئے وضاحت طلب کی ہے۔ حکومت نے انڈیگو کو مسافروں کو کرائے کی رقم بلا تاخیر واپس کرنے کی ہدایت دی ہے۔

4- ریلوے کا محکمہ انڈیگو پروازوں کے بحران کے سبب مسافروں کی سہولت کیلئے 89 خصوصی ٹرینیں چلا رہا ہے۔

5- بھارت اور امریکہ نے دہشت گرد گروپوں اور اُن کی مالی اعانت کرنے والوں کے خلاف اقوام متحدہ کی جانب سے مزید پابندیاں عائد کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

6- اور کھیلوں میں، FIFA نے امریکہ، کناڈا اور میکسیکو میں منعقد ہونے والے 2026 عالمی کپ کیلئے تاریخوں کا اعلان کر دیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---